


# اتحاد، وراثت اور تحریک کی تقریب:




۲۶ اور ۲۷ اکتوبر ۲۰۲۴ کو دنیا بھر کے خوجہ برادریوں نے عالمی خوجہ ورثے (KHD) کا دن منایا، جس میں ایک ایسی وراثت کو یاد کیا گیا جو استقامت، وقار اور اتحاد سے بھرپور ہے۔ اس سال کا موضوع ماضی کا چراغ مستقبل کی روشنی منتخب کیا گیا۔ جو ایسی تقریب کے لیے موضوع تھا جو براعظموں، نسلوں اور خیالات کو جوڑتی ہو۔ ٹورنٹو اور لندن سے لے کر پیرس اور بمبئی تک تاریخی اجتماعات میں خوجہ برادری نے نہ صرف اپنی تاریخ کا تجدیدِ عہد کیا۔ بلکہ موجودہ عالمی مسائل سے نمٹنے میں اپنی ذمہ داری کو بھی اجاگر کیا۔ اس سال KHD نے تقریب میں اپنی برادری کو فلسطین اور لبنان میں ہنگامی انسانی امدادی کوششوں کی حمایت کرنے کی اپیل بھی کی اور اس روایت کو عالمی چیلنجز سے جوڑ دیا۔

# مرکز کراچی کا شاندار پروگرام اور عالمی لائیو سٹریم:




کراچی پاکستان میں ۲٦ اکتوبر کو KHD کا مرکزی ایونٹ منعقد ہوا جو اس سال کی تقریبات کا مرکز تھا اور دنیا بھر کی خوجہ جماعتوں کے لیے ایک لائف سٹریم کے ذریعے پیش کیا گیا۔

معزز برادری کے رہنما بشمول ڈاکٹر حسنین والجی (سربراہ خوجہ ہریٹج پروجیکٹ) ، الحاج صفدر جعفر (صدر ورلڈ فیڈریشن آف KSIMC)، الحاج ابوالحسن گوکل (صدر پاکستان فیڈریشن) نے اپنی تقاریر کے ذریعے کمیونٹی میں اتحاد اور استقامت کا جذبہ اجاگر کیا۔ ان پیغامات نے حاضرین کو اپنی مشترکہ ثقافتی شناخت کو اپنے آباؤاجداد کی بصیرت ، حلم اور عاجزی کے ساتھ اپنانے کی ترغیب دی۔ ایک خصوصی معلوماتی فلم کے ذریعے پروگرام کے دوران کراچی جماعت کے تاریخی سفر کو بھی پیش کیا گیا۔ جو تقسیم ہند سے پہلے کے بھارت سے لے کر موجودہ پاکستان تک پھیلا ہوا تھا۔ اس فلم نے اُن ابتدائی رہنماؤں کو خراجِ تحسین پیش کیا جنھوں نے مشکلات اور ہجرت کے باوجود کراچی کو خوجہ شیعہ اثناء عشری برادری کے لیے ایک نمایاں مرکز کے طور پر قائم کیا۔ یہ فلم عالمی ناظرین کو یاد دلانے میں کامیاب رہی کہ ان کی وراثت ، استقامت اور اتحاد کا مستقل ذریعہ ہے۔

: E E E E .

# نوجوانوں پر توجہ ۔ اگلی نسل کو مضبوط بنانا :

اگلے روز برادری کے نوجوانوں کی قیادت میں ایک گفتگو کو انعقاد کیا گیا جس میں خوجہ برادری کی وراثت اور موجودہ دور میں اس کی اہمیت کو زیرغور لایا گیا۔ اس تقریب میں نوجوانوں کو اپنی شناخت کی تاریخ اور اس کے مستقبل پر غور کرنے کی ترغیب دی گئی۔ اور خوجہ اقدار کے تحفظ میں ان کے کردار پر روشنی ڈالی گئی ۔ کئی افراد نے روایتی اقدار اور ترقی پسند خیالات کے انضمام کے ساتھ مستقبل کی تصویر کشی کی جو خوجہ شناخت کی متحرک نوعیت کا ثبوت ہے۔ کراچی کے پروگرام کا اختتام ایک خصوصی پوڈکاسٹ کے ساتھ ہوا جو گجراتی زبان کے تحفظ کے لیے وقف تھا ۔ پروگرام میں مہمانان نے نوجوان نسل پر خاص توجہ دیتے ہوئے روز مرہ زندگی میں گجراتی کو شامل کرنے کے عملی حکمتِ عملی پر بات کی ۔ اس پوڈکاسٹ نے اس بات پر زور دیا کہ زبان صرف ابلاغ کا ذریعہ نہیں بلکہ ثقافتی تسلسل کا ایک ذریعہ ہے جو برادری کے ماضی ، حال اور مستقبل کو جوڑنے میں کلیدی کردار ادا کرتی ہے۔

E E

# نمایاں مہمانوں کی شرکت:



کراچی کے پروقار تقریب میں خاص مہمانوں کو خوش آمدید کہا گیا جن میں سرِفہرست حکومتِ پاکستان کے وزیر ثقافت اور ورثہ جناب عطاءاللہ تارڑ صاحب، معروف مخیر حضرات اور خوجہ پیرائی شیعہ اثناء عشری جماعت کے اہل کار شامل تھے۔ ان کی موجودگی نے اس بات کو اجاگر کیا کہ خوجہ برادری پاکستان کے ثقافتی دائرے میں کس قدر اہم کردار ادا کرتی ہے اور اقلیتوں کے ورثے کے تحفظ میں KHD کی وسیع اہمیت کو بھی نمایاں کرتی ہے۔

# مختلف براعظموں پر تقریب کا اہتمام:

ایک عالمی خوجہ خاندان متحد ہے۔ کراچی کے مرکزی تقریب کے ساتھ ساتھ دنیا بھر میں خوجہ برادری نے اپنے منفرد تقریبات کا انعقاد بھی کیا جو دنیا بھر میں پھیلی خوجہ برادری کی مشترکہ ثقافتی بنیادوں پر مبنی تھی۔




لندن (برطانیہ):

WF House میں منعقد تقریب میں ۳۵۰ سے زیادہ خوجہ افراد شریک ہوئے۔ ان کا تعلق برمنگھم، لیسٹر، حیدری، ایسکس، ملٹن کینز اور سٹینمور کی جماعتوں سے تھا۔ دن بھر کی اس تقریب کا اہتمام ہماری UK خوجہ حریٹیج پروجیکٹ ٹیم نے کونسل آف یورپین جماعت کے اشتراک کے ساتھ کیا۔




ٹورنٹو (کینیڈا):

ملا اصغر ریسورس سینٹر کے تعاون سے ٹورنٹو جماعت نے خوجہ تاریخ پر روشنی ڈالنے والی نمائش کی تقریب منعقد کی۔



نیویارک (امریکہ):

یہاں مدرسے کے طالب علموں نے ''پراتھم علی''پیش کیا۔ اور بزرگوں نے اپنی ہجرت کی کہانیاں سنائی۔

D DE D

پیرس (فرانس):
اپنی کہانی اپنی زبانی سنانے کے لیے خوجہ کمیونٹی کے بزرگوں نے نوجوان نسل کو ان کے مشرقی افریقہ سے یورپ تک کے سفر کا احوال سنایا ۔




ممبئی (بھارت)

خوجہ ترانے کی گونج:
روایتی چائے کی لذت اور یادرفتگاں نے دن کو پُروقار بنایا ۔

E E E

# اپنی وراثت کا تخلیقی اظہار:




KHP مقابلے: KHP نے خوجہ وراثت کے ساتھ تخلیقی رابطے کو فروغ دینے کے لیے بین الاقوامی مقابلے منعقد کیے۔ ان میں مضمون نویسی، سوال جواب اور دیگر تخلیقی سرگرمیاں شامل تھیں۔ جن میں ہر عمر کے افراد نے جوش و خروش سے حصہ لیا۔

| Position | Name | Jamaat and Region | Topic | Category |
|---|---|---|---|---|
| 1st Prize | *Sawera Fatema* | KPSIAJ, Pakistan Federation | "A Khoja Hero I Admire" | Children (Under 16) |
| 2nd Prize | *Hussein Ebrahim* | KSIJ Dar es Salaam, Africa Federation | "The Story My Grandparents Told Me" | Children (Under 16) |
| 3rd Prize | *Ali Jawwad* | KPSIAJ, Pakistan Federation | "A Khoja Hero I Admire" | Children (Under 16) |
| 1st Prize | *Aasiya Dhala* | KSIJ Dar es Salaam, Africa Federation | "Preserving Khoja Heritage in the Modern World" | Youth (16 to 25) |
| 1st Prize | *Tasnim Jaffer* | Moshi, Africa Federation | "Passing Down Our Khoja Traditions" | Seniors (55+) |

| Position | Name | Jamaat and Region |
|---|---|---|
| 1st Prize | Ali Mohammad Vasram | Paris South Jamaat, Council of European Jamaats |
| 2nd Prize | Katchera Zahir Zainab Fatema | Mehfil e Zainab, Council of European Jamaats |
| 3rd Prize | Ali Nathu | Az-Zahraa Islamic Centre Vancouver, British Columbia, NASIMCO |

# وراثت (پروقار اور بامقصد پروگرام):

KHT-2024 نے دنیا بھر کی خوجہ برادریوں میں یہ پیغام پہنچایا کہ وراثت صرف ماضی کی یاد نہیں بلکہ عمل کی دعوت ہے۔ ماضی کی عزت سے لے کر ایک روشن مستقبل کے خواب تک یہ تقریب اس بات کی تصدیق کرتی ہے کہ خوجہ شناخت ایک زندہ وراثت ہے جو نسلوں اور سرحدوں کو جوڑتی ہے۔

عالمی یوم خوجہ ورثہ 2024ء نے ایک ناقابل فراموش اثر چھوڑا۔ ہر شریک چاہے عمر کے کسی بھی حصے میں ہوں کو یاد دلایا کہ وراثت صرف ماضی کا تحفہ نہیں بلکہ ایک مشعل ہے ۔ اپنے آباؤاجداد کی استقامت سے سبق لیتے ہوئے دورِ حاضر کے چیلنجز کا سامنا کرنے کے لیے پرعزم کیا ۔ خوجہ کمیونٹی نے یہ ثابت کیا ہے کہ ہماری اقدار محض کہانیاں نہیں بلکہ راہنما اصول ہیں جو ایک مشترکہ مستقبل کے راستے کو روشن کرتی ہیں۔